**Maulana Azad National Urdu University**

**I Semester Examination - December - 2018**

**Generic Elective : PGAR101GET : Introduction to Arabic Language**

**پرچہ:**

**Total Marks : 70** **Time : 3 hours**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

سوال: 1

(i) سامی زبانوں میں سے نہیں ہے:

(a) عربی (b) عبرانی (c) آرامی (d) اردو

(ii) عربی زبان کا سب سے قدیم نقش ''النمارۃ'' (Namara) کس شہر (City) میں دریافت ہوا؟

(a) سعودی عرب (b) عراق (c) مصر (d) شام

(iii) قرآن پاک کس صدی (Century) میں نازل ہوا؟

(a) پانچویں صدی (b) چھٹویں صدی (c) ساتویں صدی (d) آٹھویں صدی

(iv) قرآن پاک کس لہجے (Dialect) میں نازل ہوا؟

(a) قریشی (b) یمنی (c) حمیری (d) تمیمی

(v) عربی زبان کے سات مشہور قصیدوں (Seven Odes) کو......................کہا جاتا ہے۔

(a) خمس معلقات (b) ست معلقات (c) سبع معلقات (d) ثمان معلقات

(vi) عربی زبان میں کتنے حروف تہجی (Alphabets) ہیں؟

(a) 26 (b) 25 (c) 27 (d) 28

(vii) یونانی علوم وفنون کا ترجمہ عربی زبان میں کس دور (Period) میں ہوا؟

(a) اموی (b) عباسی (c) عثمانی (d) مغل

(viii) عربی، کتنے ملکوں کی دفتری زبان (Official Language) ہے؟

(a) 25 (b) 22 (c) 20 (d) 15

(ix) ''نقش النمارہ'' کس سنہ میں لکھا گیا؟

(a) 528 (b) 428 (c) 328 (d) 228

(x) ضمہ، فتحہ اور کسرہ کو عربی زبان میں.............................کہا جاتا ہے۔

(a) تشکیل (b) حرکات (c) اعراب (d) تینوں (a), (b) اور (C)

## حصہ دوم

2۔ سامی زبانیں (Semitic Languages) کیا ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟ بیان کریں۔

3۔ سامی زبانوں کے وطن اصلی (Origin) کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ لکھیں۔

4- عربی زبان کے آغاز (Beginning) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔

5- عربی زبان کے لہجوں (Dialects) کے بارے میں اپنی معلومات لکھیں۔

6- ''عربی زبان میں مرادفات (Synonyms) بہت زیادہ پائے جاتے ہیں'' تشریح کریں۔

7۔ اشتقاق (Derivation) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

8- ''عربی زبان کی نمایاں خصوصیت ایجاز (Shortness) ہے۔'' وضاحت کریں۔

9- عربی زبان کے حروف تہجی (Alphabet) کو مثالوں کے ساتھ لکھیں۔

## حصہ سوم

10- عربی زبان کی خصوصیات (Characteristics) کے بارے میں لکھیں۔

11- عربی زبان الخط (Development of Arabic Writing System) کے ارتقاء کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

12- ''شعر عربوں کا دیوان اور رجسٹر ہے۔'' تشریح کریں۔

13- عربی زبان کا ارتقاء (Development of Arabic) کس طرح ہوا؟ بیان کریں۔

14- عربی زبان کی اہمیت (Importance of Arabic Language) کے بارے میں اپنی معلومات لکھیں۔

☆☆☆